پریس ریلیز

گوجرانوالہ 06 اپریل 2024ء

گوجرانوالہ چیمبر کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) کی وفد کے ہمراہ سی پی او گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم نے ملاقات۔وفد میں اراکین مجلس عاملہ رانا محمد اختر، یاسر عرفات، خالد تنویر اور عمران اشرف شامل تھے۔وفد کی قیادت کرتے ہوئے انہوں نے شہر میں امن و امان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلاشبہ شہر میں امن وامان کی فضاء اور کاروباری ماحول بہترین ہے جس کا کریڈٹ پولیس کی تمام انظامیہ کو جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ شہر میں کرائم کی ریشو میں کمی پولیس انتظامیہ کی بہترین حکمت عملی کا نتیجہ ہے محکمہ پولیس سے متعلق گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کی تمام بزنس کمیونٹی کے کاروباری مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہونا اس بات کا بین ثبوت ہے کہ گوجرانوالہ چیمبر اور پولیس انتظامیہ کے مابین بہترین لائزان ہے۔

وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے رانا ایاز سلیم سی پی او گوجرانوالہ نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ شہر میں وامان اور پر فضاء کاروباری ماحول کے بنائے رکھنا میرا اور میرے ہر جوان کا فرض منصبی ہے۔انہوں نے کہا کہ چند یوم قبل بزنس کمیونٹی کا چوری شدہ مال نہ صرف ڈکیتوں سمیت برآمد کیا گیا بلکہ اصل وارثان کے حوالے کیا گیا اس میں کوئی شک نہیں کہ پولیس اپنا کام انتہائی تندہی سے انجام دے رہی ہے لیکن شہریوں کو بھی چاہیئے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اس کے علاوہ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جرائم میں کمی کیلئے محکمہ پولیس مختلف فیکٹریوں اور کارخانوں اور گھریلوں ملازمین کی رجسٹریشن کر رہی ہے اور ان کے پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ جاری کر رہی ہے تمام بزنس کمیونٹی اس ضمن میں محکمہ سے تعاون کریں اور اپنے ملازمین کی رجسٹریشن کروائیں تا کہ جرائم پیشہ افراد کو تلاش کر کے ان کے خلاف کاروائی کی جائے۔